سوال

(180) محتلم لاعلمی میں نماز پڑھ لے تو کیا کرے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کو رات کو احتلام ہو جاتا ہے اور اُسے معلوم نہیں ہوتا، وہ اُٹھتا ہے، وضو کرتا ہے، نمازِ تہجد ادا کرتا ہے۔ فرض نماز کے لیے مسجد میں چلا جاتا ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے۔ نمازِ اشراق ادا کرتا ہے پھر اس کے بعد گھنٹہ دو گھنٹے بعد وہ اپنے کپڑوں پر نشان دیکھتا ہے تو اسے علم ہوتا ہے کہ اسے احتلام ہو گیا۔ کیا اب وہ پھر نمازِ تہجد اور فرض نماز اور اشراق کی نماز ادا کرے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دو قول ہیں بہتر ہے کہ وہ یہ نمازیں پھر سے ادا کر لے۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02